# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323


ریفرنس نمبر: بی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-07(291)

مورخہ 13 جولائی 2023

## کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 13 جولائی 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 13 جولائی 2023ء بروز جمعرات بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب عدنان احمد | (ممبر) | فائیو سٹار سی این جی فلنگ اسٹیشن، بہاولپور |
| 5۔ | جناب سید مزمل حسین | (ممبر) | انیق سپر سٹور، بہاولپور |
| 6۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 7۔ | جناب آصف عباس | (ممبر) | شیخ پروٹینز پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 8۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، احمد پور شرقیہ |
| 9۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 10۔ | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 11۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |

صدر چیمبر کی خصوصی دعوت پر سابق صدر چیمبر جناب جاوید اقبال چوہدری بھی اس میٹنگ میں شریک ہوئے۔ تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ میٹنگ کی باقاعدہ کاروائی سے پہلے صاحب صدر نے ہاؤس کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے چیمبر اور بہاولپور کے لیے یہ بات انتہائی دکھ اور ناقابل تلافی نقصان ہے کہ چیمبر کے سابق صدر اور ہماری ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حافظ محمد یونس صاحب باقضائے الٰہی سے وفات پا گئے ہیں۔ اسی طرح ہمارے چیمبر کے سابق سینئر نائب صدر احمد بلال صاحب کی والدہ ماجدہ جو کہ مشیعت ایزدی سے انتقال فرما گئی ہیں۔ ان کے انتقال پر تمام ہاؤس نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اظہار تعزیت کیا، صاحب صدر اور تمام اراکین نے ہاؤس میں مرحومین کے لیے فاتحہ خوانی اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

CamScanner

**ایجنڈانمبر 1:-** سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 24 جون 2023ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 24 جون 2023ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاؤس نے بعد غور وخوض منظور کرلیا اور اتفاق رائے سے اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

**قرارداد 14/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 24 جون 2023ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور بااتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈانمبر 2:-** بہاولپور چیمبر کے الیکشن شیڈول برائے سال 2023-24 کی منظوری۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے بہاولپور چیمبر کے الیکشن برائے سال 2023-24 کا شیڈول ملٹی میڈیا کے ذریعے ہاؤس کے سامنے پیش کیا اور مکمل شیڈول اراکین کے سامنے پڑھ کے سنایا۔سیکرٹری جنرل نے واضح کیا کہ پاکستان بھر میں قائم تمام چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تمام ایسوی ایشنز کے سالانہ الیکشن کے شیڈول کی منظوری DGTO Rules کے مطابق ہر سال جولائی کے پہلے 15 دنوں دوران کی جاتی ہے اور اس کا دورانیہ اڑھائی ماہ پر محیط ہوتا ہے۔الیکشن پروسس مکمل ہونے کے بعد ہر سال یکم اکتوبر کو چیمبرز کی نئی انتظامیہ جس میں صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کے علاوہ اراکین ایگزیکٹو اپنے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیتے ہیں۔ہاؤس نے بہاولپور چیمبر کے الیکشن شیڈول کا بغور جائزہ لیا اور شیڈول میں درج مختلف تاریخوں پر غور وخوض کیا اور اتفاق کرتے ہوئے اس کو منظور کرلیا اور درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی۔

**قرارداد 15/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کے سالانہ الیکشن شیڈول برائے سال 2023-24 سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور متفقہ طور پر اس کی منظوری دیتے ہوئے قرارداد کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈانمبر 3:-** بہاولپور چیمبر کے الیکشن برائے سال 2023-24 کے لیے الیکشن کمیشن کا تقرر۔

سیکرٹری جنرل چیمبر نے واضح کیا کہ بہاولپور چیمبر کے الیکشن کو منصفانہ اور غیر جانبدارانہ طور پر منعقد کرانے کے لیے الیکشن کمیشن کا تقرر بھی کیا جانا مقصود ہے۔انہوں نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ الیکشن کمیشن میں DGTO Rules 2013 سیکشن 16 کے مطابق چیمبر کے تین ایسے اراکین کو نامزد کیا جاتا ہے جو گزشتہ دو سال سے چیمبر کے کسی بھی عہدے پر فائز نہ رہے ہوں اور ان کی Written Consent بھی وصول کی جاتی ہے۔صاحب صدر چیمبر اور ہاؤس میں موجود اراکین کی اکثریت نے اس بات پر اتفاق کیا کہ چیمبر کے گذشتہ الیکشن کو منعقد کروانے والے سابقہ الیکشن کمیشن کو ہی برقرار رکھتے ہوئے الیکشن کمیشن کا تقرر کردیا جائے تا کہ چیمبر کے آنے والے الیکشن کو غیر جانبدرانہ اور منصفانہ طریقے سے منعقد کرایا جاسکے۔جس پر ہاؤس نے چوہدری ارشادالحق صاحب کو بطور چیف الیکشن کمیشن، جناب انجم نوید اور جناب منظور ایاز خان صاحبان کو بطور ممبر الیکشن کمیشن تقرری کی منظوری دی اور اس ضمن میں درج ذیل قرارداد کی توثیق کردی گئی۔

**قرارداد 16/2022-23**

**"ہرگاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ انتخابات برائے سال 2023-24 کو منصفانہ اور غیر جانبدارانہ طریقے سے منعقد کرانے کے لیے الیکشن کمیشن جس میں چوہدری ارشادالحق صاحب بطور چیف الیکشن کمیشن، جناب انجم نوید اور جناب منظور ایاز خان صاحبان کو بطور ممبر الیکشن کمیشن تقرری کی بااتفاق رائے منظوری دیتے ہوئے درج بالا قرارداد کی توثیق کرتا ہے۔"**

CamScanner

**ایجنڈا نمبر 4:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے بہاولپور چیمبر کے حالیہ الیکشن برائے سال 24-2023 کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اور ہاؤس کو اعتماد میں لیتے ہوئے کہا کہ چیمبر کے الیکشن ہونے کی صورت میں چیمبر میں ایک اچھی خاصی رقم اخراجات کی مد میں خرچ ہو جاتی ہے اور اسی طرح چیمبر کی سالانہ جنرل میٹنگ پر بھی بہت سے اخراجات ہو جاتے ہیں ہر سال کی طرح ہاؤس اس بات کی منظوری دے کہ الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواران سے چیمبر ڈویلپمنٹ فنڈ کی مد میں رقم وصول کی جائے تاکہ الیکشن اور سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے اخراجات کا براہ راست بوجھ چیمبر پر نہ پڑے، ہاؤس ان اخراجات کو پورا کرنے کے لیے تجاویز دیں لہذا بعد غور وخوض ہاؤس نے متفقہ طور پر اس بات کی منظوری دی کہ چیمبر کے آنے والے الیکشن میں صدارت کے امیدوار سے چیمبر ڈویلپمنٹ فنڈ کی مد میں مبلغ پانچ لاکھ، سینئر نائب صدر سے مبلغ تین لاکھ پچاس ہزار، نائب صدر سے مبلغ تین لاکھ اور ہر ایک ایگزیکٹو رکن سے مبلغ پچاس ہزار فی کس کے حساب سے وصول کیے جائیں تاکہ الیکشن اور سالانہ جنرل میٹنگ پر اٹھنے والے اخراجات چیمبر ڈویلپمنٹ فنڈ سے ہی پورے کیے جاسکیں اور ان اخراجات کا بوجھ چیمبر پر نہ پڑے اور یہ رقم کاغذات نامزدگی داخلے کراتے وقت ہی ہر امیدوار سے وصول کر لی جائے۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

(سیکرٹری جنرل)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

(صدر)
بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

CamScanner